Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رجادی الثانی ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۷ ردسمبر ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر بابو ایس چکرورتی بعہدہ اسسٹنٹ انجنیر برقی روشنی ...	۱ و ۲
۲	اضافہ تنخواہ محمد خان صاحب ...	۲
۳	تفویض کام ... صاحب ملٹری سکریٹری بہادر ...	〃
۴	سبکدوشی اتالیق خورشید مرزا وغیرہ ...	〃
۵	تقرر [illegible] مولوی عزیز احمد صاحب ...	۲ و ۳
۶	تصفیہ متعلق الاونس ملازمان ڈیوڑھی —	۳
۷	اضافہ [illegible] عدالت [illegible] ...	〃
۸	[illegible] ...	〃
۹	[illegible] مدارس [illegible] ...	〃
۱۰	رخصت [illegible] سکریٹری مدارس ...	〃
۱۱	تقرر [illegible] ...	۳ و ۴
۱۲	اضافہ [illegible] ...	۴
۱۳	نقشہ [illegible] ...	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۲ ردسمبر ۱۹۲۶ء

مثل عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ تقرر بابو ایس چکرورتی بعہدہ اسسٹنٹ انجنیر برقی۔

حکم

بابو ایس چکرورتی کا تقرر بعہدہ اسسٹنٹ انجنیر برقی روشنی بمشاہرہ دو سو پچاس ۲۵۰ روپیہ ماہوار ۱۰ ردسمبر ۱۹۲۶ء یوم کارکردگی سے منظور ہے۔ اور کلکتہ سے آنے کا

سفر خرچ بھی انکو ادا کیا جائے۔ اور جناب کوارٹر کی تعمیر ہو کرایہ کا مکان دیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجراء احکام مذات واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تعزعرض — میرساند

جناب عالی

بابو ایس چکرورتی کو بغرض معائنہ طلب کیا گیا تھا۔ وہ جوان اور مستعد معلوم ہوتے ہین۔ اور بمشاہرہ ما؁ ماہوار اسسٹنٹ انجنیر برقی کی جگہ پر آنے کے واسطے آمادہ ہین۔ تار منسلکہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۵؍دسمبر سنہ حال سے حاضر ہو کر چارج لے لینگے۔ انکی سکونت کے واسطے مکان بھی منجانب صیغہ دیا جائیگا۔ موجودہ کوارٹر مین منشی صدیق علیخان اسسٹنٹ انجنیر کا قیام ہے اسلئے فی الحال بابو ایس چکرورتی کو کرایہ کا مکان دیا جانا تجویز ہوا ہے۔ آیندہ جداگانہ کوارٹر کی تعمیر کا تخمینہ منظور کرانے کے بعد مکان تعمیر ہوسکیگا۔ نیز انجنیر مذکور کو بغرض معائنہ کلکتہ سے آمد و رفت کا خرچ بھی دیا جائیگا۔ لہذا بحضور اقدس انور گزارش ہے کہ بابو ایس چکرورتی کے تقرر کی منظوری بمشاہرہ ما؁ ماہوار صادر فرمائی جائے۔ اور سفر خرچ مذکورہ بالا کے دیئے جانے کی منظوری بھی صادر فرمائی جائے۔ والادب۔ دولت جاوید باد۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر ۱۹۲۶ء
تجویز درست ہے
منظور
معروضہ ۱۱؍دسمبر

اضافہ

۱۴؍دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم موسومہ جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر دربارہ اٹھائیس روپیہ اضافہ بہ تنخواہ میجر نور محمد خانصاحب ایڈی سی از بجٹ پرنسز

حکم

میجر نور محمد خان بہادر ایڈی سی کی تنخواہ مین صیغہ پرنسز ہاؤس ہولڈ سے اٹھائیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تفویض کام

۱۵؍دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

معروضہ عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بدرخواست عطائے کام۔

حکم

صیغہ میونسپلٹی امتحاناً چند ماہ کے واسطے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے تفویض کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۷؍دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب ایماء بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم خورشید مرزا اتالیق مشاہرہ دار تیس روپیہ و الاؤنس دس روپیہ یعنی چالیس روپیہ ماہوار اور مولوی نذیر احمد استاد فارسی مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کی اب ضرورت نہین ہے اپنے خدمات سے سبکدوش کئے جاتے ہین۔ اور مولوی عزت علی خوشنویس الاؤنس پانچ روپیہ ماہوار کا الاؤنس بند کیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدور شدنے احکام سبکدوشی و مسدودی الاؤنس کے ۶؍دسمبر سے حسب ضابطہ جاری ہون۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۶؍دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

آج مولوی نذیر احمد استاد فارسی مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار برخاست شدہ نے درخواست پنشن پیش کی۔ جو مقرون ملاحظہ ہوئی۔ مولوی نذیر احمد کی برخاستگی بوجہ عدم ضرورت عمل مین آئی ہے۔ انکی ضعیفی پر رحم آتا ہے۔ اور بہت پرانے ملازم اور ضعیف العمر ہین۔ ۶؍دسمبر سے برخاست ہوئے ہین۔ انکی پرورش منظور ہے جو پرنسز بجٹ سے دیجائیگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

۶؍دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے مولوی نذیر احمد استاد فارسی کی پنشن مبلغ پانچ روپیہ

حسب سفارش میونسپل افسر صاحب منشی گوبند پرشاد بشاہرہ عہ ماہوار کلارک کو رہو مقرر کیا جائے۔ اور منشی شجاع اللہ خان کلرک تعمیرات جنکے لینے پر افسر میونسپل صاحب رضامند ہین۔ بجائے منشی گوبند پرشاد کے مقرر کیا جائے۔ نامبردہ کو وہی تنخواہ ملیگی جو آجتک گوبند پرشاد کو ملتی تھی اور صیغۂ تعمیرات مین منشی شجاع اللہ خان کی غیر مستقل اسامی برائے آیندہ تخفیف کیجائے۔ صدر سے بصراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و عمومی

حکم اجلاس صاحب فائنشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۴ دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ دربارہ اضافہ تنخواہ مسمی بشیر احمد اہلمد فوجی سیکشن بلحاظ دیرینہ ملازمت وکمی تنخواہ۔

حکم

بشیر احمد اہلمد آڈٹ کی تنخواہ مین حسب سفارش بورڈ آف آڈٹ بوجہ کمی تنخواہ ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑہیے۔ اور احباب کو دکہایئے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف .... ۱۲؍ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک .... ۱۲؍ ہے

العدل۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہے جسمین حق تعالے کی عدالت وحکمت سے نہایت بسط وتفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک .... ؍ ہے

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ...... ۲؍ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون۔ مہتمم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمایئے۔

ذوالفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

ماہوار مقرر ہو۔ حسب ضابطہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل روبکار درج گزٹ ہو
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۶ر دسمبر ۱۹۲۶ء

کاغذات متعلقہ الاؤنس عرصہ سے دوران میں ہیں۔ جنکی بابت آج تک کوئی تصفیہ نہیں ہوا۔ اب یہ کاغذات جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر کی تحریر مورخہ ۹ر دسمبر ۱۹۲۶ء کے ساتھ برائے تصفیہ ہمارے پاس آئے جنکو تمام و کمال ملاحظہ کیا گیا۔ آیندہ سے الاؤنس بابت ملازمان جبکہ رخصت پر ہوں۔ الاؤنس سواری انکو نہیں ملیگا۔ اور نیز الاؤنس بابت ملازم جبکہ وہ حکومت وغیرہ میں سفر کرینگے۔ اور انکو وہاں پہنچتہ یا الاؤنس دیا جائیگا۔ اسوقت تک یہ الاؤنس بند رہیگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت روبکار ہذا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
اضافہ
۱۱ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مصدرہ یادداشت اڈیشنل جج صاحب در بارہ اضافہ تنخواہ منشی اشرف علیخان ناظر عدالت خفیفہ مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار

حکم

بلحاظ کام نظارت حسب سفارش صاحب جج منشی اشرف علیخان ناظر خفیفہ کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار بطور الاؤنس اضافہ کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۱۵ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر در بارہ منظوری رخصت علالتی پندرہ یوم ڈاکٹر فدا حسین ہاسپٹل اسسٹنٹ بوجہ علالت۔

حکم

ڈاکٹر فدا حسین ہاسپٹل اسسٹنٹ متعینہ شفاخانہ صدر کی رخصت علالتی پندرہ یوم بوجہ بیماری حسب مناسبت صاحب چیف میڈیکل افسر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع
۱۴ر دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس ادگر سنگھ نائب مدرس مدرسہ ٹانڈہ کی ملازمت غیر مستقل ہیں۔ ر دسمبر ۱۹۲۶ء سے تین ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۱۴ر دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس بوجہ ہونے ملازم دیرینہ و مریض منشی احمد حسین ہیڈ انسپکٹری کی رخصت ۹ یوم بانتظام سابقہ منظور کی گئی اس رخصت کا شمار ۱۵ر دسمبر ۱۹۲۶ء سے ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت
واقع ۱۵ر دسمبر ۱۹۲۶ء

میونسپل افسر صاحب عرصہ سے میونسپل کمیٹی کے واسطے ایک اہلکار کی ضرورت ظاہر کرتے ہیں۔ اور منشی گوبند پرشاد اہلکار میونسپلٹی کی سفارش کی ہے۔ جناب چیف سکریٹری صاحب بہادر کے ڈی او مشمولہ ہذا کا منشا ہے کہ موجودہ صیغہ جات میں سے تغیر و تبادل کرکے انتظام کر دیا جائے لہذا بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

۶۹

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۱ لغایت ۲۷ ماہ دسمبر

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۶۰۱ر	۷۱ر	۶۰۱ر	۶۱ر		
نخود خالص		۶۱ر	۶۰۱ر	۶۰۱ر	۶۱ر		
نخود کم آمیز		۰	۹۱ر	۸۰۱ر	۸۱ر		
کر		۰	۵۱ر	۵۰۱ر	۹۱ر		
بشس		۶۱ر	۶۱ر	۶۱ر	۶۰۱ر		
مونگ		۶۰۱ر	۶۰۱ر	۶۱ر	۰		
مکا		۰	۱۰۱ر	۹۱ر	۱۰۱ر		
جئی		۰	۰	۱۰۰۱ر	۱۱۱ر		
گوجئی		۰	۰	۰	۱۰۱ر		
عدس		۰	۰	۷۱ر	۰		
ارہر		۰	۰	۰	۰		
برنج		۶۱ر	۶۱ر	۵۰۱ر	۰		
روغن زرد		۱ر	۰۰۱ر	۱۰ر	۰۰۱ر		
روغن سیاہ		۱ر	۱ر	۱ر	۱ررر		
روغن کنجد		۱۱ر	۱۱ر	۱۱ر	۱۱ر		
نمک سامبھر		۱۱ر	۱۲ر	۱۱ر	۱۲ر		
نمک لاہوری		۸ر	۶ر	۰	۰		
قند سیاہ		۵ر	۶ر	۶ر	۶ر		
باجرہ	۰	۹ر	۹ر	۸ر	۰		

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۵۲

[illegible] ۱۹۲۶ء [illegible]

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور سال تمام من ابتدا اکتوبر ۱۹۲۵ء لغایت ستمبر ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							[illegible]	
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۸۳	۸۸	۱۹۸	۴۵	۷۱۴	۵۸۱	۱۳۳	۱۶۶	۱۳۷	۱۶	۱۱	۲۰۱	۱۹۶	۳۸۳	۳۴۴	۵۸۴	۱۴۳	۴۴	۴۴	۰	۶۳۷	۲	۰	۰	۷۲۷	
گنج	۲۷۶	۵۷	۱۵۸	۲۶	۵۱۷	۴۳۴	۸۳	۱۶۱	۹۹	۲۵	۲۲	۱۸۱	۲۱۷	۳۶۷	۳۴۰	۶۱۳	۹۴	۷۱	۱۳	۰	۶۲۳	۰	۰	۰	۷۰۷	
حوالی شہر	۱۲۳	۱۰۲	۹۳	۷۷	۳۹۵	۲۱۶	۱۷۹	۵۹	۵۲	۱۴	۶	۹۶	۵۳	۱۶۹	۱۱۱	۱۶۲	۱۱۸	۷	۱۶	۰	۲۵۷	۰	۰	۰	۲۸۰	
عظیم نگر	۳۱۸	۲۶۵	۲۱۵	۱۸۵	۹۸۳	۵۳۳	۴۵۰	۱۷۷	۱۳۸	۲۷	۱۶	۲۱۳	۱۷۰	۴۱۸	۳۲۴	۴۶۴	۲۷۸	۰	۷۳	۴۱۲	۲۴۸	۹	۰	۰	۷۴۲	
شاہ آباد	۱۵۹	۴۹۹	۱۴۱	۱۹۹	۹۹۸	۳۰۰	۶۹۸	۱۴۹	۱۱۰	۲۵	۳۷	۲۳۵	۱۷۳	۴۰۹	۳۲۰	۱۸۴	۵۴۵	۰	۱۰۴	۰	۵۵۳	۹	۱	۶۲	۷۲۹	
[illegible]	۷۷	۳۲۵	۵۵	۳۵	۷۶۲	۱۳۲	۶۳۰	۸۱	۷۹	۲۱	۵	۱۳۵	۱۰۰	۲۳۷	۱۸۴	۹۰	۳۳۱	۰	۳۰	۰	۳۸۵	۴	۲	۰	۴۲۱	
ملک	۱۸۸	۷۹۲	۸۹	۴۲۵	۱۴۹۴	۲۷۷	۱۲۱۷	۲۳۱	۱۹۳	۳۶	۲۶	۲۴۶	۲۲۰	۶۱۳	۴۳۹	۱۸۵	۸۶۷	۰	۱۱۲	۰	۹۳۱	۹	۰	۰	۱۰۵۲	
بلاسپور	۲۳۷	۲۵۵	۲۲۱	۲۰۱	۹۱۴	۴۵۸	۴۵۶	۸۵	۸۵	۳۰	۱۵	۲۷۸	۱۷۳	۳۹۳	۲۷۳	۳۸۴	۲۸۲	۱	۱۴	۳۵۰	۲۹۰	۱۱	۰	۰	۶۶۶	
کیمری	۱۲۸	۲۶۶	۷۰	۲۱۱	۶۷۵	۱۹۸	۴۷۷	۷۴	۵۴	۲۱	۱۴	۱۷۵	۱۲۲	۲۷۰	۱۹۰	۱۹۶	۲۶۴	۴۲	۴	۳۷۰	۱۹	۴	۱	۰	۴۶۰	
سوار	۲۴۳	۱۴۸	۱۹۳	۱۲۴	۷۰۸	۴۳۶	۲۷۲	۱۰۹	۹۱	۴۷	۳۰	۲۵۴	۱۵۶	۴۱۰	۲۷۷	۴۱۵	۲۷۲	۹	۱۴	۰	۶۶۴	۰	۰	۰	۶۸۷	
ٹانڈہ	۲۳۱	۱۸۵	۱۸۲	۱۹۸	۷۹۶	۴۱۳	۳۸۳	۲۰۲	۱۸۰	۲۰	۲۳	۱۷۵	۱۴۷	۳۹۷	۳۵۰	۴۷۶	۲۷۱	۰	۱۸۴	۰	۵۵۷	۶	۰	۰	۷۴۷	
میزان	۲۸۸۳	۲۸۸۲	۱۹۱۵	۱۲۹۶	۸۹۷۶	۴۷۹۸	۴۱۷۸	۱۴۹۴	۱۲۱۸	۲۸۲	۱۹۷	۲۲۹۰	۱۷۴۷	۴۰۶۶	۳۱۵۲	۴۷۲۳	۲۴۹۵	۱۹۴	۴۱۰	۱۱۲۲	۵۱۶۲	۵۲	۴	۶۲	۷۲۱۸	

سرکاری پریس ریاست رامپور

۱